مدیر کے نام

عمران ظہور غازی، لاہور

اگست کا ترجمان مجموعی لحاظ سے ایک جامع اور عالمی دستاویز کی صورت اختیار کرگیا ہے۔ پروفیسرخورشیداحمد صاحب کا 'تبدیلی کے سفر کا آغاز اس طرح ہوتا ہے' پاکستان کے حالات کے عمدہ تجزیے اور جامع تبصرے پر مبنی ہے۔ ڈاکٹر انیس احمد نے 'مصر میں جمہوریت کے قتل' کے عنوان سے ایک فکرانگیز اور پُرمغز مقالہ پیش کیا ہے، جس میں مصر کے تازہ ترین حالات اور اسلامی تحریک کی جدوجہد کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی روشنی ڈالی ہے۔ مصر کے حالات اور اسلامی تحریک کی جدوجہد تقاضا کرتے ہیں کہ اس کے مختلف پہلو اُجاگر کیے جائیں کیونکہ مصری اسلامی تحریک کے تحت ہونے والا تجربہ ـــــ اور جنرل سیسی کا شب خون صرف اخوان المسلمون کے لیے نہیں بلکہ دنیا کی دوسری اسلامی تحریکوں کو اپنی جدوجہد کے مراحل طے کرتے ہوئے سامنے رکھ کر تجربات اور پیش قدمی کرنے کا راستہ دکھاتا ہے۔ تیونس پر راشد غنوشی اور بنگلہ دیش کے حالات پر سلیم منصور خالد نے تازہ ترین حالات کا احاطہ کیا ہے۔ مصر سے لے کر بنگلہ دیش تک اسلامی تحریک جن حالات سے گزر رہی ہے وہ عالمی اسلامی تحریکوں کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے۔ ضرورت ہے کہ عالمی اسلامی تحریکات ان چیلنجوں سے عہدہ برا ہونے اور اپنی جدوجہد آگے بڑھانے میں ان پہلوؤں پر بھی نظر رکھتے ہوئے آگے بڑھیں۔ اللہ مصر اور بنگلہ دیش کے مظلوم مسلمانوں کی مدد فرمائے اور اسلامی تحریکوں کے لیے روشنی کا ذریعہ بنادے، آمین!

عبداللہ، پتوکی

'جنوبی ایشیا: اسلامی تحریک کا احیا، چند آثار' (اگست ۲۰۱۳ء) ایک جاپانی محقق پروفیسر یامانے سو کے قلم سے اسلامی تحریک کے احیا اور مستقبل پر عمدہ تجزیہ ہے۔ افکارِ مودودی اور اقبال کا انھوں نے جس گہری نظر سے مطالعہ کیا ہے یہ جہاں قابلِ قدر ہے وہاں افکارِ مودودی کی عالمی سطح پر پذیرائی کا ثبوت بھی ہے۔

ضرورت ھے: اُردو سے انگریزی میں ترجمہ کرنے والے ایسے ماہر فرد کی جو ۳/ ۴ دن میں ترجمان کے سائز کے ۲۰، ۲۲ صفحات کا ایسا معیاری ترجمہ کردے جس پر نظرثانی کی ضرورت نہ ہو۔ متوقع معاوضے کی صراحت کے ساتھ رابطہ کریں۔ نمونے کے لیے کسی 'اشارات' کے ۴ / ۵ صفحات کا ترجمہ ارسال کریں۔

مسلم سجاد، نائب مدیر عالمی ترجمان القرآن